اَلتَّمْرِيْنُ اَلسَّادِسُ وَالْاَرْبَعُوْنَ (۴۶)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) یہ اس کے مقابلے میں چار گنا ہے۔
(۲) یہ اس کے مقابلے میں تین گنا ہے۔
(۳) یہ اس کے مقابلے میں پانچ گنا ہے۔
(۴) وہ اس کے مقابلے میں چھ گنا ہے۔
(۵) وہ اس سے سات گنا ہے۔
(۶) یہ اس سے آٹھ گنا ہے۔
(۷) وہ اس سے نو گنا ہے۔
(۸) یہ اس سے دس گنا ہے۔
(۹) یہ اس سے سو گنا ہے۔
(۱۰) یہ اس سے ہزار گنا ہے۔
(۱۲) یہ اس سے گیارہ گنا ہے۔
(۱۳) یہ اس سے تیس گنا ہے۔
(۱۴) یہ گھر اس گھر کے مقابلہ میں کئی گنا خوبصورت ہے۔
(۱۵) یہ اس کے مقابلے میں چار گنا ہے۔
(۱۶) یہ اس سے چالیس گنا ہے۔
(۱۷) یہ اس کے مقابلے میں بارہ گنا ہے۔
(۱۸) خالد کا مال زید کے مال سے اسی گنا ہے۔
(۱۹) یہ مسجد اس مسجد سے سات گنا بڑی ہے۔
(۲۰) یہ کمرہ اس کمرے سے چودہ گنا بڑا ہے۔
(۲۱) یہ بیگ زید کے بیگ سے آٹھ گنا بڑا ہے۔
(۲۲) یہ باغ تمہارے باغ سے بیس گنا بڑا ہے۔
(۲۳) یہ گھر اس کے گھر سے کئی گنا بڑا ہے۔
(۲۴) یہ مدرسہ اس مدرسہ سے پندرہ گنا چوڑہ ہے۔
(۲۵) یہ لڑکا اس لڑکے سے تین گنا لمبا ہے۔
(۲۶) یہ اس سے بیس گنا ہے۔

الدرس السابع عَشَرَ (۱۷)

معدود کی صفت

معدود کی صفت لانے کا قاعدہ یہ ہے کہ تین سے دس تک اگر معدود عاقل کی جمع مذکر ہے تو صفت جمع مذکر آئے گی اور اگر عاقل کی جمع مؤنث ہے تو صفت جمع مؤنث آئے گی جیسے ثَلٰثَةُ رِجَالٍ صَالِحِيْنَ ۔ ثَلَاثُ بَنَاتٍ صَالِحَاتٍ ۔ اور اگر معدود غیر عاقل کی جمع ہے تو صفت واحد مؤنث آئے گی کیونکہ غیر عاقل کی جمع واحد مؤنث کے حکم میں ہوتی ہے لیکن مطابقت کے لیے کبھی جمع بھی آتی ہے جیسے ثَلٰثَةُ اَقْلَامٍ جَمِيْلَةٍ/جَمِيْلَاتٍ سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ گیارہ سے ننانوے (۹۹) تک معدود کی صفت واحد آئے گی مذکر کے لیے مذکر ۔ مؤنث کے لیے مؤنث ۔ جیسے اَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا جَمِيْلًا ۔ اِحْدٰى عَشَرَةَ بِنْتًا جَمِيْلَةً کیونکہ گیارہ سے ننانوے (۹۹) تک معدود واحد ہوتا ہے گیارہ سے ننانوے (۹۹) تک معدود ۔ اگر غیر عاقل ہے تو اس کی صفت کی دو صورتیں ہیں ۔ ایک صورت تو یہ ہے کہ معدود مذکر کے لیے مذکر ۔ اور مؤنث کے لیے مؤنث جیسے اَحَدَ عَشَرَ جَمَلًا جَمِيْلَةً ۔ اَحَدَ عَشَرَ نَاقَةً جَمِيْلَةً ۔ اور دوسری صورت یہ ہے کی معدود مذکر کی صفت ۔ مذکر و مؤنث دونوں آسکتی ہے جیسے اَحَدَ عَشَرَ جَمَلًا جَمِيْلًا ۔ اور اَحَدَ عَشَرَ جَمَلًا جَمِيْلَةً دونوں کہہ سکتے ہیں ۔ مائۃ اور الف کے معدود کی صفت واحد آئے گی معدود مذکر کے لیے مذکر ۔ اور

مؤنث کے لیے مؤنث جیسے مَـائَۃُ رَجُلٍ عَاقِلٍ ۔مِائَۃُاِمْرَاَۃٍعَاقِلَۃٍ ۔معدود کی صفت کا اعراب معدود کے مطابق ہوگا جیسے ثَلَاثَۃُ اَقْلَامٍ جَـمِیْلَۃٍ ۔اس میں اَقْلَامٍ معدود مجرور ہے اور اس کی صفت جَـمِیْـلَۃٍ بھی مجرور ہے معدود اور اس کی صفت میں وہی مطابقت ہوگی جو موصوف اور صفت میں ہوتی ہے یعنی تذکیر و تانیث اور تعریف و تنکیر اور اعراب وغیرہ میں اور معدود کی صفت معرفہ بھی آتی ہے لیکن یہ صرف تین سے دس تک ہے۔

اَلتَّمۡرِيۡنُ السَّابِعُ وَالۡاَرۡبَعُوۡنَ (۴۷)

اردو میں ترجمہ کرو

(۱) هٰؤُلَاءِ ثَلَاثَةُ اِخۡوَانٍ صَالِحِيۡنَ.

(۲) هٰؤُلَاءِ اَرۡبَعُ اَخَوَاتٍ صَالِحَاتٍ.

(۳) هٰؤُلَاءِ ثَلٰثَةُ اَحۡفَادٍ تَائِبِيۡنَ.

(۴) هٰؤُلَاءِ اَرۡبَعُ طَالِبَاتٍ مُجۡتَهِدَاتٍ.

(۵) هٰؤُلَاءِ اَرۡبَعَةُ اَسۡبَاطٍ حَافِظِيۡنَ.

(۶) هٰؤُلَاءِ ثَلٰثَةُ اَسَاتِذَةٍ بَارِعِيۡنَ.

(۷) تِسۡعُ نِسَاءٍ [illegible].

(۸) اُولٰٓئِكَ عَشَرُ نِسَاءٍ صَالِحَاتٍ.

(۹) هٰؤُلَاءِ ثَلَاثُ بَنَاتٍ صَالِحَاتٍ.

(۱۰) هٰؤُلَاءِ ثَلَاثُ اُمَّهَاتٍ عَابِدَاتٍ.

(۱۱) هٰؤُلَاءِ اَرۡبَعُ خَالَاتٍ صَادِقَاتٍ.

(۱۲) هٰؤُلَاءِ ثَلٰثَةُ تَلَامِذَةٍ مُجۡتَهِدِيۡنَ.

(۱۳) هٰؤُلَاءِ ثَلٰثَةُ رِجَالٍ صُمٌّ.

(۱۴) هٰؤُلَاءِ اَرۡبَعَةُ رِجَالٍ بُكۡمٌ.

(۱۵) هٰؤُلَاءِ خَمۡسَةُ رِجَالٍ عُمۡيٌ.

(۱۶) هٰؤُلَاءِ سِتَّةُ اَوۡلَادٍ مُسۡلِمِيۡنَ.

(۱۷) هٰؤُلَاءِ سَبۡعُ بَنَاتٍ مُسۡلِمَاتٍ.

(۱۸) اُولٰٓئِكَ ثَمَانِيَةُ اِخۡوَةٍ عَالِمِيۡنَ.

(۱۹) اُولٰٓئِكَ ثَمَانِيَةُ اَطۡفَالٍ اَذۡكِيَاءَ.

(۲۰) هٰؤُلَاءِ اَرۡبَعَةُ رِجَالٍ اَقۡوِيَاءَ.

(۲۱) اُولٰٓئِكَ اَرۡبَعَةُ اَوۡلَادٍ ضُعَفَاءَ.

(۲۲) اُولٰٓئِكَ خَمۡسَةُ اَوۡلَادٍ عُقَلَاءَ.

(۲۳) هٰؤُلَاءِ اَرۡبَعَةُ اَطۡفَالٍ مُسۡلِمِيۡنَ.

(۲۴) هٰؤُلَاءِ خَمۡسَةُ رِجَالٍ صَادِقِيۡنَ.

(۲۵) هٰؤُلَاءِ ثَلٰثَةُ طُلَّابٍ مُجۡتَهِدِيۡنَ.

(۲۶) تِسۡعُ نِسَاءٍ عَابِدَاتٍ.

(۲۷) عَشَرُ بَنَاتٍ اَذۡكِيَاءَ.

(۲۸) اُولٰٓئِكَ عَشَرَةُ اَوۡلَادٍ صَالِحِيۡنَ.

اَلتَّمرِینُ الثَّامِنُ وَالْاَرْبَعُونَ (۴۸)

اردو میں ترجمہ کرو

(۱) هٰذِهٖ ثَلٰثَةُ بَسَاتِیْنَ وَسِیْعَةٍ.

(۲) هٰذِهٖ ثَلَاثُ مَنَادِیْلَ طَاهِرَةٍ.

(۳) هٰذِهٖ ثَلَاثُ سَیَّارَاتٍ قَائِمَةٍ.

(۴) هٰذِهٖ اَرْبَعُ دَرَّاجَاتٍ جَدِیْدَةٍ.

(۵) هٰذِهٖ اَرْبَعَةُ حُقُوْلٍ خَضْرَاءَ.

(۷) هٰذِهٖ خَمْسَةُ جِبَالٍ صَغِیْرَةٍ.

(۸) هٰذِهٖ سِتَّةُ دُیُوْكٍ صَائِمَةٍ.

(۹) هٰذِهٖ سِتُّ مَقَالَاتٍ جَدِیْدَةٍ.

(۱۰) هٰذِهٖ سِتَّةُ حُصُرٍ مَبْسُوْطَةٍ.

(۱۱) هٰذِهٖ سَبْعُ قَاطِرَاتٍ قَائِمَةٍ .

(۱۲) هٰذِهٖ ثَمَانِیَةُ دَكَاكِیْنَ جَمِیْلَةٍ.

(۱۳) هٰذِهٖ تِسْعُ مَجَلَّاتٍ ثَمِیْنَةٍ.

(۱۴) هٰذِهٖ عَشَرَةُ شَوَارِعٍ طَوِیْلَةٍ.

(۱۵) هٰذِهٖ تِسْعُ حَقَائِبَ جَیِّدَةٍ.

(۱۶) هٰذِهٖ تِسْعَةُ ثِیْرَانٍ قَوِیَّةٍ.

(۱۷) هٰذِهٖ تِسْعَةُ جِمَالٍ هَزِیْلَةٍ.

(۱۸) هٰذِهٖ ثَمَانِی کَرَارِیْسَ بَیْضَاءَ.

(۱۹) هٰذِهٖ عَشَرَةُ قَرَاطِیْسَ بَیْضَاءَ.

(۲۰) هٰذِهٖ ثَلَاثُ مَکْتَبَاتٍ جَدِیْدَةٍ.

(۲۱) هٰذِهٖ تِسْعُ مَکْتَبَاتٍ قَدِیْمَةٍ.

اَلتَّمْرِيْنُ التَّاسِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ (۴۹)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) یہ تین خوبصورت لڑکے ہیں۔

(۲) یہ چار محنتی مزدور ہیں۔

(۳) یہ پانچ عابدہ لڑکیاں ہیں۔

(۴) یہ چھ سادے کاغذات ہیں۔

(۵) یہ سات نئے بیگ ہیں۔

(۶) یہ آٹھ ٹوپیاں ہیں۔

(۷) یہ نو خوبصورت قلم ہیں۔

(۸) یہ دس نیک لڑکے ہیں۔

(۹) یہ آٹھ خوبصورت اونٹ ہیں۔

(۱۰) یہ سات محنتی مزدور ہیں۔

(۱۱) یہ نو پرانے کمرے ہیں۔

(۱۲) یہ سات لدے ہوئے اونٹ ہیں۔

(۱۳) یہ آٹھ لدے ہوئے گدھے ہیں۔

(۱۴) یہ پانچ محنتی طالب علم ہیں۔

(۱۵) وہ آٹھ محنتی لڑکیاں ہیں۔

(۱۶) یہ چھ خوبصورت قلم ہیں۔

(۱۷) یہ چار نیک مہمان ہیں۔

(۱۸) یہ تین خوبصورت کس کے باغ ہیں۔

(۱۹) یہ میری خوبصورت سائیکل ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ اَلْخَمْسُوْنَ(۵۰)

اردو میں ترجمہ کرو

(۱)اَحَدَ عَشَرَ رَجُلاً جَمِیْلاً.

(۲)اَرْبَعَةٌ وَّعِشْرُوْنَ حِذَاءً قَدِیْماً/ قَدِیْمَةً.

(۳)اِثْنَا عَشَرَ رَجُلاً جَمِیْلاً.

(۴)خَمْسَةٌ وَّعِشْرُوْنَ ثَوْراً هَزِیْلاً.

(۵)ثَلٰثَةَ عَشَرَ وَلَداً مُجْتَهِداً.

(۶)سِتَّةٌ وَّعِشْرُوْنَ فَرَساً سَرِیْعاً.

(۷)اَرْبَعَةَ عَشَرَ طِفْلاً بَاكِیاً.

(۸)سَبْعَةٌ وَّعِشْرُوْنَ حِمَارا صَغِیْراً/صَغِیْرَةً.

(۹)خَمْسَةَ عَشَرَ فَرَساً سَرِیْعاً/ سَرِیْعَةً.

(۱۰)ثَمَانِیَةٌ وَّعِشْرُوْنَ رَجُلاً ذَكِیّاً.

(۱۱)سِتَّةَ عَشَرَ حِمَاراً نَاهِقاً/نَاهِقَةً.

(۱۲)تِسْعَةٌ وَّعِشْرُوْنَ ضَیْفاً شَرِیْفاً.

(۱۳)سَبْعَةَ عَشَرَ ثَوْراً خَائِراً/خَائِرَةً.

(۱۴)ثَلٰثُوْنَ رَجُلاً كَرِیْماً.

(۱۵)ثَمَانِیَةَ عَشَرَطَالِباً كَاتِباً.

(۱۶) وَاحِدٌوَّثَلٰثُوْنَ وَلَداً مُجْتَهِداً.

(۱۷)تِسْعَةَ عَشَرَ دِیْكاً صَائِحاً/صَائِحَةً.

(۱۸) اِثْنَانِ وَثَلٰثُوْنَ طِفْلاً ضَاحِكاً.

(۱۹)عِشْرُوْنَ جَمَلاً مُحَمَّلاً/مُحَمَّلَةً.

(۲۰)ثَلاثٌ وَّثَلٰثُوْنَ سَيَّارَةً جَدِيْدَةً.

(۲۱)وَاحِدٌ وَّعِشْرُوْنَ قَلَماً جَدِيْداً.

(۲۲)اَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ كُرَّاسَةً بَيْضَاءَ.

(۲۳)اِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ قِرْطَاساً اَبْيَضَ.

(۲۴)ثَلاثٌ وَّعِشْرُوْنَ دَرَّاجَةً قَدِيْمَةً.

(۲۵)اَرْبَعُوْنَ اِمْرَاَةً صَالِحَةً.

(۲۶)خَمْسُوْنَ بِنْتاً عَابِدَةً.

(۲۷)سِتُّوْنَ طَالِباً مُجْتَهِداً.

(۲۸)سَبْعُوْنَ بَقَرَةً سَمِيْنَةً.

(۲۹)ثَمَانُوْنَ شَاةً ثَمِيْنَةً.

(۳۰)تِسْعُوْنَ مَكْتَبَةً جَدِيْدَةً.

(۳۱)وَاحِدٌ وَّتِسْعُوْنَ حَصِيْرَةً طَوِيْلَةً.

(۳۲)اِثْنَتَانِ وَتِسْعُوْنَ غُرْفَةً مَبْنِيَّةً.

(۳۳)خَمْسٌ وَّتِسْعُوْنَ اُخْتاً صَادِقَةً.

(۳۴)سِتٌّ وَّتِسْعُوْنَ طَالِبَةً مُجْتَهِدَةً.

(۳۵)سَبْعٌ وَّتِسْعُوْنَ مَقَالَةً جَيِّدَةً.

(۳۶)ثَمَانِي وَتِسْعُوْنَ صَبِيَّةً حَسِيْنَةً.

اَلتَّمْرِيْنُ اَلْحَادِيْ وَالْخَمْسُوْنَ (۵۱)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) یہ بیس پرانے باغ ہیں۔
(۲) یہ تیس کھلاڑی لڑکیاں ہیں۔
(۳) یہ بیس پرانے مزدور ہیں۔
(۴) بائیس طاقتور آدمی آئے۔
(۵) یہ چالیس چالاک چوکیدار ہیں۔
(۶) پینتیس نیک مہمانوں نے کھانا کھلایا۔
(۷) یہ بہتر ہوشیار سپاہی ہیں۔
(۸) اس گاؤں میں عمدہ چیزوں سے لدے ہوئے چالیس اونٹ آئے۔
(۹) یہ بیاسی نیک آدمی ہیں۔
(۱۰) اس مسجد میں سترہ نئی کھڑکیاں ہیں۔
(۱۱) یہ نوے ماہر استاد ہیں۔
(۱۲) یہ اسی محنتی طلبہ ہیں۔
(۱۳) یہ ساٹھ نئی گاڑیاں ہیں۔
(۱۴) یہ ساٹھ نئی کاپیاں ہیں۔
(۱۵) یہ ستر پرانے کمرے ہیں۔
(۱۶) یہ نوے نئی کھڑکیاں ہیں۔
(۱۷) یہ لدے ہوئے بیس اونٹ ہیں۔
(۱۸) یہ پچاس کھلاڑی لڑکے ہیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ الثَّانِىْ وَالْخَمْسُوْن (۵۲)

اردو میں ترجمہ کرو

(۱) مِائَةُ رَجُلٍ عَاقِلٍ.

(۲) مِا ئَةُ وَلَدٍ مُجْتَهِدٍ.

(۳) مِائَةُ شَيْخٍ فَانٍ.

(۴) مِائَةُ طِفْلٍ ذَكِيٍّ.

(۵) مِائَةُ بِنْتٍ ذَكِيَّةٍ.

(۶) مِائَةُ أُخْتٍ مُجْتَهِدَةٍ.

(۷) اَلْفُ رَجُلٍ صَالِحٍ.

(۹) اَلْفُ اِمْرَاَةٍ صَا لِحَةٍ.

(۱۰) اَلْفُ جَمَلٍ سَرِيْعٍ.

(۱۱) اَلْفُ نَاقَةٍ سَرِيعَةٍ.

(۱۲) اَلْفُ حِمَارٍ صَغِيْرٍ.

(۱۳) اَلْفُ فَرَسٍ كَبِيْرٍ.

(۱۴) مِا ئَةُ دَرَاجَةٍ قَدِيْمَةٍ.

(۱۶) مِائَةُ حَدِيْقَةٍ وَسِيْعَةٍ.

(۱۷) مِائَةُ سَيَّارَةٍ جَدِيْدَةٍ.

(۱۸) مِائَةُ حَقْلٍ اَخضَرَ.

(۱۹) مِائَةُ بِنْتٍ عَابِدَةٍ.

(۲۰) مِائَةُ بَقَرَةٍ حَلُوْبٍ.

(۲۱) اَلْفُ اِمْرَاَةٍ جَمِيْلَةٍ.

(۲۲) اَلْفُ ضَيْفٍ شَرِيْفٍ.

(۲۳) اَلْفُ طَالِبٍ مُجْتَهِدٍ.

(۲۴) اَلْفُ حَصِيْرَةٍ مَبْسُوْطَةٍ.

(۲۵) اَلْفُ كُرَّاسَةٍ بَيْضَاءَ.

(۱۵) مِائَةُ سَيَّارَةٍ جَدِيْدَةٍ.

اَلتَّمْرِيْنُ اَلثَّالِثُ وَالْخَمْسُوْنَ (۵۳)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) یہ ایک سو عقلمند ہیں۔

(۲) یہ ایک سو نیک عورتیں ہیں۔

(۳) یہ ایک سو کشادہ کمرے ہیں۔

(۴) یہ ایک ہزار چالاک بچے ہیں۔

(۵) یہ ایک سو ماہر استاد ہیں۔

(۶) یہ ایک ہزار محنتی لڑکیاں ہیں۔

(۷) یہ ایک سو تیز رفتار گھوڑے ہیں۔

(۸) وہ ایک ہزار قابل مدرس ہیں۔

(۹) وہ ایک ہزار نیک لڑکے ہیں۔

(۱۰) وہ ایک ہزار پرانے بیگ ہیں۔

(۱۱) وہ ایک ہزار چھوٹی بکریاں ہیں۔

(۱۲) وہ ایک ہزار نمازی آدمی ہیں۔

(۱۳) وہ ایک ہزار پرہیزگار آدمی ہیں۔

اَلتَّمْرِيْنُ اَلرَّابِعُ وَالْخَمْسُوْنَ (۵۴)

اردو میں ترجمہ کرو

(۱) هٰؤُلَاءِ ثَلَاثَةُ الرِّجَالِ الصَّالِحِيْنَ.

(۲) هٰؤُلَاءِ اَرْبَعَةُ اَلْاَوْلَادِ الْمُجْتَهِدِيْنَ.

(۳) هٰؤُلَاءِ خَمْس النِّسَاءِ الْعَابِدَاتِ.

(۴) هٰذِهٖ سِتُّ اَلسَّيَّارَاتِ الْقَدِيْمَةِ.

(۵) تِلْكَ سَبْعُ الْحَدَائِقِ الْوَسِيْعَةِ.

(۶) هٰؤُلَاءِ ثَمَانِيَةُ اَلْاَطْفَالِ اَلْاَذْكِيَاءِ.

(۷) هٰؤُلَاءِ ثَمَانِى الْحَقَائِبِ الْجَدِيْدَةِ.

(۸) هٰذِهٖ تِسْعَةُ الثِّيْرَانِ الطَّوِيْلَةِ.

(۹) هٰذِهٖ عَشَرَةُ الْحُقُوْلِ الْخَضْرَاءِ.

(۱۰) هٰذِهٖ تِسْعَةُ الْقَاطِرَاتِ الْقَائِمَةِ.

(۱۱) هٰذِهٖ تِسْعَةُ الشَّوَارِعِ الطَّوِيْلَةِ.

(۱۲) هٰذِهٖ خَمْسَةُ الْقَرَاطِيْسِ الْبَيْضَاءِ.

اَلتَّمْرِيْنُ اَلْخَامِسُ وَالْخَمْسُوْنَ (۵۵)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) یہ تین طاقتور آدمی ہیں۔

(۲) یہ چار محنتی مزدور ہیں۔

(۳) یہ پانچ محنتی طالب علم ہیں۔

(۴) وہ چھ تیز رفتار گھوڑے ہیں۔

(۵) وہ سات سادی کاپیاں ہیں۔

(۶) وہ آٹھ سادے کاغذ ہیں۔

(۷) یہ نو خوبصورت قلم ہیں۔

(۸) یہ دس خوبصورت گھوڑے ہیں۔

(۹) یہ آٹھ نئے بیگ ہیں۔

(۱۰) یہ چھ پرانے بیگ ہیں۔

(۱۱) وہ سات نئے کمرے ہیں۔

(۱۲) یہ آٹھ پرانے مدرسے ہیں۔

(۱۳) یہ سات خوبصورت بچے ہیں۔

(۱۴) یہ پانچ محنتی طالب علم ہیں۔

(۱۵) وہ آٹھ محنتی لڑکیاں ہیں۔

(۱۶) یہ چھ خوبصورت قلمیں ہیں۔

(۱۷) یہ چار نیک مہمان ہیں۔

(۱۸) یہ تین خوبصورت کس کے باغ ہیں۔

(۱۹) یہ میری خوبصورت سائیکل ہے۔

اَلدَّرْسُ اَلثَّامِنَ عَشَرَ (۱۸)

اگر کہنا ہو کہ ''اس گھر میں مرد وعورتیں پچاس ہیں'' تو اس طرح کہیں گے۔ جیسے فِیْ هٰذَاالْبَيْتِ خَمْسُوْنَ نَسَمَةً مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ۔ خَمْسُوْنَ نَفَراً مِّنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ۔ خَمْسُوْنَ رَجُلاً وَّاِمْرَاَةً۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مجموعی طور پر مرد وعورتیں پچاس ہیں۔

اَلتَّمْرِیْنُ السَّادِسُ وَالْخَمْسُوْنَ (۵۶)

اردو میں ترجمہ کرو

(۱) فِیْ هٰذِهِ الْحَدِیْقَةِ عِشْرُوْنَ رَجُلاً وَّامْرَاَةً.

(۲) فِیْ هٰذِهِ الْمَدْرَسَةِ ثَمَانُوْنَ طَالِباً وَّطَالِبَةً.

(۳) فِیْ هٰذِهِ الْغُرْفَةِ خَمْسُوْنَ مِرْوَحَةً وَّشُبَّاكاً.

(۴) فِیْ هٰذَاالْبَیْتِ سِتُّوْنَ وَلَداً وَّبِنْتاً.

(۵) فِیْ هٰذِهِ الْجَامِعَةِ ثَلٰثَةٌ وَّسِتُّوْنَ رَجُلاً وَّامْرَاَةً.

(۶) فِیْ هٰذِهِ الْحَقِیْبَةِ قَلَماً وَّمِرْسَاماً.

(۷) فِیْ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ تِسْعُوْنَ شَاةً وَّتَیْساً.

(۸) فِیْ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ اَرْبَعٌ وَّسِتُّوْنَ بِنْتا وَّوَلَداً.

(۹) فِیْ هٰذِهِ الْمَدْرَسَةِ ثَلٰثٌ وَّسِتُّوْنَ مُعَلِّمَةً وَّمُعَلِّماً.

(۱۰) فِیْ هٰذِهِ الْجَامِعَةِ ثَمَانِیَةٌ وَّثَمَانُوْنَ مُعَلِّماً وَّمُعَلِّمَةً.

(۱۱) فِیْ هٰذِهِ الْمَدْرَسَةِ ثَمَانِیَةٌ وَّخَمْسُوْنَ طَالِباً وَّطَالِبَةً.

(۱۲) فِیْ هٰذِهِ الْحَقِیْبَةِ عِشْرُوْنَ قَلَماً وَّمِرْسَاماً.

(۱۳) عِنْدَ زَیْدٍ وَاحِدٌ وَّثَلٰثُوْنَ دَرَّاجَةً وَّسَیَّارَةً.

(۱۴) عِنْدَ زَیْدٍ خَالِدٍ اِثْنَانِ وَاَرْبَعُوْنَ قَلَماً وَّکُرَّاسَةً.

(۱۵) عِنْدَ زَیْنَبَ اِثْنَانِ وَثَلٰثُوْنَ حَقِیْبَةً وَّقَلَنْسُوَةً.

(۱۶) عِنْدَ حَامِدٍ ثَلٰثٌ وَّتِسْعُوْنَ بَقَرَةً وَّثَوْراً.

اَلتَّمْرِيْنُ السَّابِعُ وَالْخَمْسُوْنَ (۵۷)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) اس گھر میں بیس مرد اور دو عورتیں ہیں۔

(۲) اس مدرسہ میں طلبہ وطالبات چالیس ہیں۔

(۳) اس مدرسہ میں مدرس ومعلّمہ ساٹھ ہیں۔

(۴) اس باغ میں سیب سنترہ کے درخت اٹھاسی ہیں۔

(۵) اس جامعہ میں معلم معلّمہ اور طلبہ وطالبات نوے ہیں۔

(۶) اس گھر میں پنکھا و کھڑکی ساٹھ ہیں۔

(۷) اس بیگ میں قلم اور پنسل تیس ہیں۔

(۸) حامد کے پاس قلم اور پنسل دس ہیں۔

(۹) زاہد کے پاس قلم اور پنسل پندرہ ہیں۔

(۱۰) اس گھر میں مرد و عورتیں بیاسی ہیں۔

(۱۱) اس کے پاس قلم و کاپیاں چالیس ہیں۔

(۱۲) اس کے پاس قلم و ٹوپیاں پچاس ہیں۔

(۱۳) اس کے پاس قلم و پنسل بہتر ہیں۔

(۱۴) اس دکان میں قلم و پنسل و کاپی و کتابیں نوے ہیں۔

(۱۵) اس دکان میں کاپی و قلمیں ستر ہیں۔

(۱۶) اس کے پاس بکری اور بکرے باسٹھ ہیں۔

(۱۷) اس کسان کے پاس گائے و بیل بیالیس ہیں۔

(۱۸) اس کے پاس کاپی اور ٹوپیاں بیاسی ہیں۔

اَلدَّرْسُ اَلتَّاسِعَ عَشَرَ (۱۹)

عدد عشری

اگر کہنا ہو- دو روپے پچاس پیسہ تو عربی میں اس طرح کہیں گے: اِثْـنَـانِ فَـاصِلَةٌ خَمْسَةٌ وَصِفْرٌ رُوْبِيَةٌ. اسے اِثْنَانِ فَاصِلَةٌ خَمْسَةٌ بھی کہہ سکتے ہیں۔ کیونکہ خمسة مقام عشرات میں ہے۔

۳٫۷۰ روپے

ثلاثةٌ فاصلة) سبعةٌ وصفرٌ روبيةٌ.

عربی میں اس کو اس طرح پڑھیں گے

ثلاثه فاصله سبعه وصفر روبيه.

اَلتَّمرِينُ الثّامنُ وَالْخمْسُوْنَ(٥٨)

(١) واحدةٌ فاصلةٌ خمسةٌ وصفرٌ روبيةٌ.

(٢) اثنانِ فاصلةٌ اَرُبعةٌ وصفرٌ روبيةٌ.

(٣) ثلاثةٌ فاصلةٌ خمسةٌ وَصفرٌ روبيةٌ.

(۴) اربعةٌ فاصلةٌ ستةٌ وَصفرٌ روبيةٌ.

(۵) خمسةٌ فاصلةٌ ستةٌ وَصفرٌ روبيةٌ.

(٦) ستةٌ فاصلةٌ سبعةٌ وصفرٌ روبيةٌ.

(۷) سبعةٌ فاصلةٌ ثمانيةٌ وصفرٌ روبيةٌ.

(٨) ثمانيةٌ فاصلةٌ تسعةٌ وصفرٌ روبيةٌ.

(٩) تسعةٌ فاصلةٌ خمسةٌ وصفرٌ روبيةٌ.

(١٠) عشرةٌ فاصلةٌ ثلاثةٌ وَ صفرٌ روبيةٌ.

(١١) اِثنا عَشَرَ فاصلةٌ اربعةٌ وَ صفرٌ روبيةٌ.

(١٢) ثلاثةٌ وعشرونَ فاصلةٌ ثلاثةٌ وصفرٌ روبيةٌ.

اَلتَّمْرِیْنُ التَّاسِعُ وَالْخَمْسُوْنَ(۵۹)

(عربی میں ترجمہ کرو)

(۱) دو روپیہ پچاس پیسہ	۲٫۵۰=
(۲) تین روپے ساٹھ پیسہ	۳٫۶۰ =
(۳) چار روپیہ دس پیسہ	۴٫۱۰ =
(۴) پانچ روپیہ تیس پیسہ	۵٫۳۰ =
(۵) چھ روپیہ چالیس پیسہ	۶٫۴۰ =
(۶) آٹھ روپیہ چالیس پیسہ	۸٫۴۰ =
(۷) نو روپیہ گیارہ پیسہ	۹٫۱۱ =
(۸) دس روپیہ پندرہ پیسہ	۱۰٫۱۵ =
(۹) بارہ روپیہ بیس پیسہ	۱۲٫۲۰ =
(۱۰) بیس روپیہ اسّی پیسہ	۲۰٫۸۰=
(۱۱) چالیس روپیہ پچاس پیسہ	۴۰٫۵۰=
(۱۲) پچاس روپیہ تین پیسہ	۵۰٫۳=

اَلدَّرسُ العِشرُونَ (٢٠)

كنايات العدد

کم - کم کی دو قسمیں ہیں۔

(١) کم استفهامیه - اس کی تمیز واحد اور منصوب ہوتی۔ جیسے کم درهما لك. تمہارے پاس کتنے درہم ہیں؟

لیکن کم پر جب کوئی حرف جار داخل ہو جائے تو تمیز مجرور ہوتی ہے۔ جیسے: بِکَمْ روبیة. کتنے روپیہ ہیں۔ منذ کم یوم. کتنے دن سے۔ اگرچہ اصل قاعدہ کے رو سے بکم روبيةً، منذ کم یوماً منصوب بھی پڑھ سکتے ہیں۔

(٢) کم خبریه - یہ کثیر کا معنیٰ دیتا ہے اس کی تمیز ہر حال میں مجرور ہوتی ہے۔ چاہے مفرد ہو یا جمع ہو۔ جیسے: کم عبدٍ و کم عبیدٍ، کم رجالٍ.

مثال: کم کتابٍ قرأتُ - میں نے کتنی ہی کتابیں پڑھی۔

کم کتبٍ قرأتُ - میں نے کتنی ہی کتابیں پڑھیں۔

کم عبدٍ ملکتُ - میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔

کم عبیدٍ ملکتُ - میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔

کبھی کم خبریہ کی تمیز پر مِن حرف جار بھی داخل کر دیتے ہیں۔ جیسے: کم من کتابٍ قرأتُ - میں نے کتنی ہی کتابیں پڑھی۔ یعنی میں نے بہت سی کتابیں پڑھی۔

اَلتَّمرِیْنُ السِّتُّون(٦٠)

(کم استفہامیہ)

اردو میں ترجمہ کرو

(۱) کم درهماً لك ؟

(۲) کم روبیةً عندك؟

(۳) کم قلماً عنده؟

(۴) کم مرساماً عندها؟

(۵) کم قلنسوةً اشتریتُ؟

(٦) کم کراسةً بعت؟

(۷) کم بنتاً جاء تَ؟

(۸) کم رجلاً اکل؟

(۹) کم امرأةً جأت؟

(۱۰) کم طالباً قرأ؟

(۱۱) کم معلمةً عَلَّمت؟

(۱۲) کم ولداً حفظ الدرسَ؟

(۱۳) کم تلمیذاً کتب؟

(۱۳)بکم روبیةٍ اشتریتَ هذا القلمَ؟

(۱۴)بکم ثمنٍ اشتریتَ هذه الکراسة؟

(۱۵)بکم درهمٍ بعتَ هذه الحدیقة؟

(۱٦)بکم روبیة اشتریتَ هذا المرسمَ؟

(۱۷)بکم ثمناً بعتَ هذا القمیصَ؟

(۱۸)منذ کم یومٍ مارأیتَ زیداً؟

(۱۹)منذ کم یوماً ما اکلت الطعامَ؟

(۲۰)منذ کم لیلةٍ مانِمتَ؟

(۲۱)منذ کم لیلةً ما قرأتَ؟

(۲۲)منذ کم یومٍ ماسافرتَ؟

(۲۳)منذ کم یوماً ماذهبت الی البیت؟

(۲۴)منذ کم وقتاً ماشربت الماءَ؟

اَلتَّمْرِيْنُ الْحَادِى وَالسِّتُّوْن (٦١)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) تمہارے کلاس میں کتنے لڑکے ہیں؟ (۲) اس کے پاس کتنے کمرے ہیں؟

(۳) تمہارے پاس کتنے قلم ہیں؟ (۴) ان لوگوں کے پاس کتنے کرتے ہیں؟

(۵) اس کے پاس کتنی کاپیاں ہیں؟ (۶) اس کے پاس کتنے گھر ہیں؟

(۷) اس کمرے میں کتنے طلبہ رہتے ہیں؟ (۸) اس کے پاس کتنے لوگ آئے؟

(۹) اس مکان میں کتنے فرد ہیں؟ (۱۰) آج کتنے مسافروں نے سفر کیا؟

(۱۱) اس شہر میں کتنی مسجدیں ہیں؟ (۱۲) یہاں کتنے مہمانوں نے کھانا کھایا؟

(۱۳) وہ کتنے دنوں سے نہیں آیا؟ (۱۴) وہ کتنے گھنٹے سے غائب ہے؟

(۱۵) اس نے کتنے دنوں سے کھانا نہیں کھایا؟

(۱۶) تم کتنے وقت سے بھوکے ہو؟

(۱۷) وہ کتنی راتوں سے نہیں سویا؟

(۱۸) خالد کب سے نہیں آیا؟

(۱۹) یہ کتنے مدرسہ ہیں؟

(۲۰) زید کے بھائی نے کتنے گھنٹے سے کھانا نہیں کھایا؟

(۲۱) یہ سب کتنے طلبہ ہیں؟

(۲۲) یہ کتنی لڑکیاں ہیں؟

(۲۳) یہ سیب آپ کتنے روپے میں بیچتے ہیں؟

(۲۴) تم نے زید سے کتنے دنوں سے ملاقات نہیں کی ہے؟

اَلتَّمْرِيْنُ الثَّانِىْ وَالسِّتُّوْن(٦٢)

(کم خبریہ)

اردو میں ترجمہ کرو

(١) کم ولدٍ جاء.

(٢) کم رجالٍ جاؤا

(٣) کم نساءٍ جِئْنَ

(٤) کم امرأةٍ اکلتُ

(٥) کم عبدٍ ملکتُ

(٦) کم درهمٍ اخذتُ

(٧) کم شاهٍ بعتُ

(٨) کم قلمٍ اشتریتُ

(٩) کم بنتٍ طبختُ

(١٠) کم بناتٍ طبخن

(١١) کم ولدٍ ضَرَبَ

(١٢) کم اولادٍ ضربوا

(١٣) کم حدیقةٍ رأیتُ

(١٤) کم حقیبةٍ بعتُ

(١٥) کم روبیةٍ اخذتُ

(١٦) کم کراسةٍ اشتریتُ

(١٧) کم اقلامٍ اخذتُ

اَلتَّمْرِيْنُ الثَّالِثُ وَالسِّتُّوْن (۶۳)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) میں نے کتنی ہی کتابیں پڑھی۔

(۲) اس نے بہت سی کتابیں پڑھی۔

(۳) اس نے کتنے ہی قلم خریدے۔

(۴) اس کے پاس کتنی ہی کاپیاں ہیں۔

(۵) تمہارے پاس بہت سی کاپیاں ہیں۔

(۶) ان لوگوں کے پاس کتنے ہی لڑکے ہیں۔

(۷) تم لوگوں کے پاس بہت سارے لڑکے ہیں۔

(۸) اس مدرسہ میں بہت طلبہ ہیں۔

(۹) اس مدرسہ میں کتنے ہی طلبہ ہیں۔

(۱۰) اس گاؤں میں بہت سارے لوگ رہتے ہیں

(۱۱) اس نے کتنے ہی باغ خریدے

(۱۲) تم نے کتنی ہی گھڑی خریدی۔

(۱۳) اس کے پاس بہت باغ ہیں۔

(۱۴) اس کے پاس کتنی ہی بکریاں ہیں۔

(۱۵) ان لوگوں کے پاس کتنی ہی دکانیں ہیں

(۱۶) ہم لوگوں کے پاس بہت کتابیں ہیں

(۱۷) تم لوگوں کے پاس بہت مکان ہیں

(۱۸) اس کے پاس کتنی ہی چابیاں ہیں

(۱۹) تم لوگوں کے پاس بہت ساری کنجیاں ہیں

(۲۰) اس کے گھر میں کتنی ہی کرسیاں ہیں

(۲۱) میرے گھر میں بہت سی کرسیاں ہیں

اَلدَّرسُ الحَادِی وَالعِشرُونَ (۲۱)

كأين / كأيّ

کَـأَیِّنْ - یہ کاف تشبیہ اور اَیٌّ سے مرکب ہے اور یہ تکثیر کا معنی دیتا ہے۔

جیسے: کـأیّ مـن رجلٍ ، و کأیٍ رجلاً رأیتُ - میں نے بہت سے آدمی دیکھے اور قلت کے ساتھ استفہام کے معنی میں بھی آتا ہے۔ جیسے حضرت ابی بن کعب کا قول حضرت ابن مسعود رضوان اللہ تعالیٰ علیہ کے لیے- کـأیٍ تـقـرأ سورة الاحزاب. یعنی تم نے کتنی مرتبہ سورہ احزاب کی تلاوت کی- کم از کم -تو انہوں نے جواب دیا تہتر مرتبہ (۷۳)۔

کـأئـن کی تمیز میں حرف جار کے ساتھ ہمیشہ واحد اور مجرور آتی ہے۔ جیسے: کـأیـن مـن طـالـبٍ لایجتهدفی القـرأةِ کتنے ہی طالب علم پڑھنے میں محنت نہیں کرتے۔ یہاں تکثیر کا معنیٰ مراد ہے یعنی بہت سے طالب علم پڑھنے میں محنت نہیں کرتے ہیں۔ اور بغیر مِن کے- تمیز واحد اور منصوب ہوتی ہے۔ جیسے: کـأیـن ولداً رأیت - میں نے بہت لڑکے دیکھے۔

اَلتَّمرِيْنُ الرَّابِعُ وَالسِّتُّون(٦٤)

اردو میں ترجمہ کرو

(١) كأيّن رجلاً رأيتُ

(٢) كأين من رجلٍ جاء

(٣) كأين ولداً اكل

(٤) كأين من ولدٍ حفظَ

(٥) كأين طالباً رَجَعَ

(٦) كأين من طالبٍ ذَهَبَ

(٧) كأين من بنتٍ حفظت

(٨) كأين من امرأةٍ طبخت

(٩) كأين كراسةً بعتُ

(١٠) كأين حقيبةً وجدتُ

(١١) كأين من حقيبةٍ بعتُ

(١٢) كأين حديقةً اشتريتُ

(١٣) كأين قلنسوةً بعتُ

(١٤) كأين من حقيبةٍ بعتُ

(١٥) كأين بنتاً حفظت

(١٦) كأين امرأةً اكلت

(١٧) كأين قلماً اشتريتُ

اَلتَّمْرِيْنُ الْخَامِسُ وَالسِّتُّوْن (٦٥)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) میں نے بہت سے لوگوں کو دیکھا

(۲) بہت سے لوگوں نے نماز پڑھی

(۳) بہت سے طلبہ نے سفر کیا

(۴) بہت سے لڑکوں نے سبق یاد کیا

(۵) بہت سی طالبات مدرسہ گئیں

(٦) میں نے بہت سے نوجوانوں سے ملاقات کی

(۷) بہت لوگ آج آئے

(۸) بہت سے مسافروں نے سفر کیا

(۹) بہت سے بچوں نے کھایا

(۱۰) بہت سے بچوں نے پانی پیا

(۱۱) بہت سے لوگوں نے ملاقات کی

(۱۲) میں نے بہت سے مہمانوں کو کھانا کھلایا

(۱۳) اس نے بہت سے طلبہ کا اکرام کیا

اَلدَّرُسُ الثَّانِیُ وَالعِشُرُوُنَ (۲۲)

کذا

کذا دوطریقے سے مستعمل ہے۔

ا۔ یہ کہ دونوں کلمے یعنی کاف حرف تشبیہ اورذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں۔جیسے: رأيتُ زيداً فاضلاً ورأيتُ عمراً كذا- میں نے زید کو فاضل جانا اورعمروکوبھی۔اس صورت میں ہا حرف تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے۔جیسے: هكذا - اور کہا جاتا ہے۔ رأيتُ زيداً فاضلاً ورأيت عمرا هكذا. میں نے زید کو فاضل جانا اورعمروکوبھی۔

۲۔ یہ کہ لفظ کذا کنایہ ہوعدد سے جیسے: قبضتُ كذا و كذا درهماً. میں نے اتنے اتنے درہم لیے۔

کذا کی تمیز ہمیشہ مفرداور منصوب ہوتی ہے۔

یا کنایہ ہوغیرعدد سے جیسے: اشتريتُ كذا و كذا منزلاً- میں نے اتنے اتنے مکانات خریدے۔

تنبیہ:- کم خبریہ اور کأین سے صرف کثیراشیاء کی طرف کنایہ کیا جاتا ہے۔اور کذا سے قلیل وکثیر دونوں کی طرف۔

اَلتَّمْرِیْنُ السَّادِسُ وَالسِّتُّوْن(٦٦)

اردو میں ترجمہ کرو

(۱) اعطیتُ زیداً کذا درهماً.

(۲)اخذتُ من زیدٍ کذا درهماً.

(۳)بعتُ هذا القلم بکذا درهماً

(۴)اشتریتُ هذه القلنسوة بکذا روبیةً

(۵)ثمنُ هذا المالِ کذا روبیةً

(۶)ثمنُ هذا البیتِ کذا دیناراً

(۷)ثمنُ هذه الحدیقة کذا ریالاً

(۸)ثمنُ ذالك المرسامِ کذا روبیةً

(۹)قیمة ذالك البیتِ الجمیل کذا و کذا درهماً

(۱۰)ثمنُ تلك الشاةِ روبیةٌ

(۱۱)اشتریتُ هذا البیتَ بکذا روبیةً

(۱۲)بِعتُ هذا القلم و الکتاب بکذا درهماً

(۱۳)بَنَیت کذا و کذا منزلاً

(۱۴)اشتریتُ کذا و کذا غرفةً

(۱۵)رأیتُ کذا غرفةً

(۱۶)سافرتُ الیٰ کذا بلداً.

(۱۷)سافرتُ الیٰ کذا و کذا بلداً

(۱۸)کتبتُ کذا کراسةً

اَلتَّمْرِيْنُ السَّابِعُ وَالسِّتُّون(٦٧)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) میں نے خالد کو اتنے درہم دیئے

(۲) میں نے زید کو اتنے اتنے روپے دیئے

(۳) اس نے خالد سے اتنے روپیہ لئے

(۴) تم نے حامد سے اتنے اتنے ریال لئے

(۵) میں نے اس باغ کو اتنے درہم میں خریدا

(۶) تم نے اس جوتے کو اتنے اتنے درہم میں خریدا

(۷) ان لوگوں نے اس گھر کو اتنے دینار میں بیچا

(۸) ہم نے خالد سے ان دو کانوں کو اتنے اتنے درہم میں بیچا۔

(۹) تم لوگوں نے اس مدرسہ میں اتنے کمرے بنائے۔

(۱۰) ہمارے پاس اتنے مسافر آئے۔

(۱۱) تمہارے پاس اتنے اتنے قلم ہیں۔

(۱۲) ان لوگوں کے پاس اتنے اتنے گھر ہیں۔

(۱۳) اس مدرسہ میں اتنے اتنے کمرے ہیں

(۱۴) اس گھر میں اتنے مہمان آئے

(۱۵) اس گاؤں میں اتنے لوگ ہیں

(۱۶) اس دوکان میں اتنا سامان ہیں۔

(۱۷) اس مسجد میں اتنے نمازی ہیں

(۱۸) اس کمرے میں اتنے طلبہ ہیں۔

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالعِشْرُوْنَ (۲۳)

نَيِّفٌ - نَيفٌ زیادتی - کہا جاتا ہے۔

عشرةٌو نَيفٌ دس اور دس سے زائد

دس بیس نوے (۹۰) تک جیسی دہائیوں سے زیادتی مقصود ہو تو وہاں

نَيفٌ لگاتے ہیں اور مائة والف سے زیادتی مقصود ہو تو وہاں نَيفٌ لگاتے ہیں جیسے:

عشوةٌ و نَيفٌ ، مائة ونَيفٌ الف و نَيفٌ.

مگر جب دہائیوں کے ساتھ اکائی عدد ہوں تو وہاں نَيفٌ نہیں بولا جاتا ہے

جیسے: خمسة عَشر و َنيفٌ نہیں کہیں گے۔

اَلتَّمرِيْنُ الثَّامِنُ وَالسِّتُّون(٦٨)

ترجمہ اردو میں کرو

(۱)هٰؤلاءِ عشرةُ رجالٍ و نَيفٌ

(۲)هذه عشرُ شياهٍ ونيفٌ

(۳)اولٰئك عشرون ولداًو نيفٌ

(۴)تلك ثلٰثون حديقةً ونيفٌ

(۵)تلك خمسون قلماًو نَيفٌ

(۶)اولٰئك سبعون طالباًو نيفٌ

(۷)تلك تسعون بيتاًو نَيفٌ

(۸)تلك ستون مدرسةًونَيفٌ

(۹)تلك مائةُ قلم و نَيفٌ

(۱۰)اولٰئك مائةُطفلٍ و نَيفٌ

(۱۱)هٰؤلاءِ مائةُ مُعلِّمٍ ونَيفٌ

(۱۲)هذه الفُ غَسَّالةٍو نَيفٌ

(۱۳)هذه عشرةُ اقلام و نَيفٌ

(۱۴)هٰؤلاء عشرُ نساءٍ و نَيفٌ

(۱۵) اولٰئك عشرون بنتاًو نَيفٌ

(۱۶)تلك اربعون حقيبةًونَيفٌ

(۱۷)تلك ستون قلنسوةً ونَيفٌ

(۱۸)اولٰئك ثمانون طالبةًونَيفٌ

(۱۹)تلك سبعون غرفةًو نَيفٌ

(۲۰)تلك خمسون ولداًو نَيفٌ

(۲۱)تلك مائةُ كراسةٍو نَيفٌ

(۲۲)هٰؤلاءِ مائةُ صبيةٍ و نَيفٌ

(۲۳)اولٰئك الف مُعلمةٍو نَيفٌ

(۲۴)هذه الفُ حافلةٍو نَيفٌ

اَلتَّمْرِيْنُ التَّاسِعُ وَالسِّتُّوْن (٦٩)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) یہ دس اور دس سے زائد ہے

(۲) یہ دس اور دس سے زائد لڑکے ہیں

(۳) یہ بیس سے زائد باغ ہیں

(۴) وہ تیس سے زائد بیگ ہیں

(۵) وہ لوگ چالیس اور چالیس سے زائد ہیں

(٦) وہ پچاس سے زائد بکریاں ہیں

(۷) یہ ساٹھ سے زیادہ کھڑکیاں ہیں

(۸) وہ ستر سے زیادہ کھلاڑی ہیں

(۹) وہ اسی سے زیادہ آدمی ہیں

(۱۰) یہ نوے اور نوے سے زائد کاپیاں ہیں

(۱۱) یہ نوے سے زیادہ کرسیاں ہیں

(۱۲) یہ سو سے زیادہ کمرے ہیں

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ وَالعِشْرُوْنَ (۲۴)

بِضْعٌ (زائد) یہ تین سے نو تک کی تعداد پر بولا جاتا ہے۔ جیسے: بِضْعُ سنین. چند سال، بضعةُ رجالٍ. چند لوگ، بضع نساءٍ. چند عورتیں

جب لفظ بضع ، عشو کے ساتھ بولا جائے گا تو بنی علیٰ الفتح ہوگا، اور بقیہ دہائیوں کے ساتھ مغرب ہوگا جیسے: بِضعَ عشرةَ ليلةً. دس رات سے زیادہ اور عشر بھی یہاں مبنی علیٰ الفتح . دگا معدود اگر مذکر ہے تو بضع مؤنث ہوگا اور معدود اگر مؤنث ہے تو بضع مذکر ہوگا۔ اور دہائی معدود کے مطابق رہے گی۔

لفظ-بضع ، عدد سے پہلے ہی رہے گا۔ جیسے بضع عشرةَ من النساء، بضعةَ عشرةَ من الرجالِ، بضع عشرة ليلةً، بضعة عشر يو ماً.

معرب کی مثال

بضعٌ و عشرون امرأةً　　　　بضعةٌ وعشرون رجلا

اَلتَّمْرِيْنُ السَّبْعُوْنَ (۷۰)

اردو میں ترجمہ کرو

(۱) هذه بِضْعَ عشرةَ ليلةً　　　　(۲) هذه بضعةَ عشرَ يوماً

(۳) هذه بِضْعَ عشرةَ بنتاً　　　　(۴) هؤلاء بِضْعَ عشرةَ صبيةً

(۵) هؤ لاء بضعةَ عشرةَ ولداً　　　　(۶) اولئك بِضْعَةَعشرَصبياً

(۷) اولئك بِضْعَ عشرةَ امرأةً　　　　(۸) اولئك بِضْعةَ عشرَ طالباً

(۹)هذه بضعٌ وَ عشرون كراسةً (۱۰)هذه بِضعةٌ و عشرون مرساماً

(۱۱)هذه بضعةٌو ثلثون منديلاً (۱۲)هذة بضعٌ و اربعونَ غسالةً

(۱۳)تلك بضعٌ و خمسون كراسةً (۱۴)جاء ت بضع عشرة طباخةٌ

(۱۵)اقل بضعةَعشرَ رجلا (۱۶)سافر بضعةَ عشرَ تاجراً

(۱۷)غاب بضعةٌ وعشرون طالباًعَن الدرسِ (۱۸)حضر بضعةٌو ثلثون مسافراً

(۱۹)نصر بضعةٌ و اربعون شجاعاً (۲۰)عَلَّمَ بضعةٌ وخمسون مُعلِماً

(۲۱)تَعَلَّمَ بضعةٌ و ستون متعلماً (۲۲)عَلَّمَ بضعةٌ وَ سبعونَ مُعلِماً

(۲۳)كتب بضعةٌو ثمانونَ كاتِباً (۲۴)جَلَسَتْ بضعٌ و ثمانون امرأةً

(۲۵)طَبَخَتْ بضعٌ و تسعون امرأةً

اَلتَّمْرِیْنُ الْحَادِیْ وَ السَّبْعُوْن(۷۱)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) یہ دس رات سے زیادہ ہیں

(۲) یہ مہمان پچاس سے زیادہ ہیں

(۳) یہ درخت اسی سے زیادہ ہیں

(۴) یہ ستر سے زائد طلبہ ہیں

(۵) وہ ساٹھ سے زیادہ قلمیں ہیں

(۶) دس سے زیادہ لوگ آئے

(۷) تیس سے زائد مسافر آئے

(۸) اسی سے زیادہ مہمان آئے

(۹) اس گھر میں پچاس سے زائد طلبہ ہیں

(۱۰) اس مسجد میں اسی سے زیادہ نمازی ہیں

(۱۱) یہ دس قلم سے زیادہ ہیں یہ تیس کاپیوں سے زیادہ ہیں

(۱۲) یہ کھلاڑی چالیس کھلاڑیوں سے زیادہ ہیں

(۱۳) یہ معلم پچاس سے زیادہ ہیں

(۱۴) میں نے خالد کو تیس روپئے سے زائد دیا

(۱۵) زید دس دن سے زیادہ لیٹ ہوا

(۱۶) یہ بکریاں ستر سے زیادہ ہیں

(۱۷) یہ نوے لڑکوں سے زیادہ ہیں

(۱۸) یہ اسی سے زائد مسجدیں ہیں

(۱۹) وہ تیس سے زائد ٹوپیاں ہیں

(۲۰) بیس سے زیادہ عورتیں آئیں

(۲۱) چالیس سے زیادہ تاجر گئے

(۲۲) ایمان کے ستر سے زائد شعبے ہیں

(۲۳) اس مدرسہ میں نوے سے زائد طلبہ ہیں

اَلدَّرُسُ الخَامِسُ وَالعِشْرُوْنَ (۲۵)

اسم منقوص اور اس کا اعراب

اسم منقوص: وہ اسم ہے کہ جس کے آخر میں یا ہو۔ اور اس کا ما قبل مکسور ہو۔
چاہے واحد ہو یا جمع ہو۔

جیسے قاضی، شافی، حادی، جمع کی مثال، مجانی ہے۔

اسم منقوص کا اعراب یہ ہے کہ:

حالت رفعی میں تقدیری ضمہ ہوگا۔

اور حالت جری میں تقدیری کسرہ ہوگا۔

اور حالت نصبی میں لفظی فتحہ ہوگا۔

یعنی حالت رفعی اور حالت جری میں یا ساکن ما قبل مکسور ہوگا۔

اور حالت نصبی میں ی پر زبر ہوگا۔ جیسے: جاءَ القاضی - مررتُ
بالقاضی - رأیتُ القاضیَ.

اَلتَّمْرِيْنُ الثَّانِيْ وَالسَّبْعُوْن(۷۲)

اردو میں ترجمہ کرو

(۱)جاء الداعیُ رأیت الداعیَ مررت بالداعیُ

(۲)ذھب القاضیُ رأیت القاضیَ مررت بالقاضیُ

(۳)نظر الساعیُ رأیت الساعیَ مررت بالساعیُ

(۴)جاء الشافیُ رأیت الشافیَ مررت بالشافیُ

(۵)مضی الشاکیُ رأیت الشاکیَ مررت بالشاکیُ

(۶)جاء الناجیُ رأیت الناجیَ مررت بالناجیُ

(۷)مرّالساھیُ رأیت الساھیَ مررت بالساھیُ

(۸)ماتَ الطاغیُ رأیت الطاغیَ مررت بالطاغیُ

(۹)ضرب الطاویُ رأیت الطاویَ مررت بالطاویُ

(۱۰)جاء الطاھیُ رأیت الطاھیَ مررت بالطاھیُ

(۱۱)غاب المعطیُ رأیت المعطیَ مررت بالمعطیُ

(۱۲)جاء الغازیُ رأیت الغازیَ مررت بالغازیُ

(۱۳)جاء الرامیُ رأیت الرامیَ مررت بالرامیُ

اَلتَّمْرِيْنُ الثَّالِثُ وَالسَّبْعُوْنَ (۷۳)

عربی میں ترجمہ کرو

(۱) بلانے والا آیا

(۲) فیصلہ کرنے والا آیا

(۳) میں شکایت کرنے والے کے پاس سے گزرا

(۴) میں نے معاف کرنے والے کو دیکھا

(۵) میں نے ایک داعی کو دیکھا

(۶) تم نے ایک کوشش کرنے والے کو دیکھا

(۷) میں ایک کاٹنے والے کے پاس سے گزرا

(۸) میں نے ایک دوڑنے والے کو دیکھا

(۹) ایک پوشیدہ رکھنے والا آیا

(۱۰) میں نے ایک پوشیدہ رکھنے والے کو دیکھا

(۱۱) ہم بلانے والے کے پاس سے گزرے

(۱۲) تم نے ایک مُعطی کو دیکھا

(۱۳) میں نے بلانے والے کو دیکھا

(۱۴) میں نے فیصلہ کرنے والے کو دیکھا

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ وَالعِشْرُونَ (۲٦)

(عشر)

لفظ- عشر -کی شین پر کب زبر ہوگا اور کب ساکن ہوگا۔

ا۔ جب لفظ عشر مفرد مذکر کی صورت میں ہوگا تو عشر کی شین ساکن ہوگی۔

جیسے: فله عشْرُ أمثالها، فاتوا بعشْرِ سورٍ.

۲۔ اور جب مذکر اور مرکب ہوگا تو عشر کی شین پر زبر ہوگا۔ جیسے: اَحدَعشَرَ کوکباً- عليها تِسْعَةَ عَشَرَ.

۳۔ جب لفظ عشر مفرد مؤنث ہوگا تو زبر ہوگا شین پر۔ جیسے: تلك عَشَرَةٌ کاملةٌ- فکفارتهٗ اطعامُ عَشَرَةِ مساکینَ.

۴۔ اور جب مؤنث اور مرکب ہوگا تو عشر کی شین ساکن ہوگی۔ جیسے: فانفجرت منه اثنتاعِشْرة عيناً. وقطعناهم اثنتی عَشْرَةَ اسباطاً.

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ وَالعِشْرُوْنَ (۲۷)

فیصد

اگر کہنا ہو کہ سو میں دس تو عربی میں اس طرح کہیں گے۔ جیسے: عشــــرة بالمائة. ایسے ہی سو میں بیس- عشرون بالمائة، تسعون بالمائة. نوے فیصد۔

جاء تسعون بالمائة لك الرجال

جاء خمسون بالمائة لك النساء.

كتب اربعون بالمائة لك التلاميذ.

حفظ ستون بالمائة لك الطلبة.

وغیرہ۔

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ وَالعِشْرُوْنَ (٢٨)

پہاڑا

٢×١ = ٢	اثنان بواحد = اثنان
٢×٢ = ٤	اثنان باثنين = اربعة
٢×٣ = ٦	اثنان بثلاثة = ستة
٢×٤ = ٨	اثنان باربعة = ثمانية
٢×٥ = ١٠	اثنان بخمسة = عشرة
٢×٦ = ١٢	اثنان بستة = اثنا عشر
٢×٧ = ١٤	اثنان بسبعة = اربعة عشر
٢×٨ = ١٦	اثنان بثمانية = ستة عشر
٢×٩ = ١٨	اثنان بتسعة = ثمانية عشر
٢×١٠ = ٢٠	اثنان بعشرة = عشرون

یہ ایک مثال ہے اسی پر دیگر گنتیوں کو قیاس کریں۔

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ وَالعِشْرُوْنَ (۲۹)

الساعة

ساعةٌ (گھڑی، گھنٹہ، بجے)، دقيقةٌ (منٹ)، ثانية (سیکنڈ)

جب لفظ ساعۃ تنہا ہوتو گھڑی کا معنی دیتا ہے اور جب لفظ ساعۃ مرکب اضافی میں معدود ہوتو گھنٹہ کے معنی میں مستعمل ہوگا۔ جیسے: اربعُ ساعات (چار گھنٹے) اور جب مرکب توصیفی ہو تو بجے کے معنی میں ہوگا۔ جیسے: الساعةُ الثامنةُ (آٹھ بجے)۔

آٹھ بجے ہیں، اس کو دو طرح سے کہہ سکتے ہیں۔ جیسے (۱) الساعة الثامنة (۲) بلغتِ الساعة ثمانيةٌ، دقّت الساعة ثمانية. اس لیے کہ ساعۃ مؤنث ہے، ایسی ترکیب میں جب عدد لائیں گے تو مؤنث ہی لائیں گے۔ اگر کہنا ہو سوا آٹھ بجے ہیں تو اس طرح کہیں گے: الساعة الثامنة و خمس عشرة دقيقةً. اس طرح بھی کہہ سکتے ہیں: الساعة الثامنة و الربع. اگر کہنا ہو کہ نو بجنے میں بیس منٹ باقی ہیں تو اس طرح کہیں گے: الساعة التاسعة الا ثلث.

جب وقت کے ساتھ یہ الفاظ استعمال کریں گے تو مندرجہ ذیل معنی ہوں گے۔

رُبُع: چوتھائی (سوا، پونے، ۱۵/منٹ)، ثلث: تہائی (بیس منٹ)، نصف: آدھا (تیس منٹ، ساڑھے)۔

خمس: (بارہ منٹ)، سدس: چھٹا، (دس منٹ)، عشر: دسواں، (چھ منٹ)

جب گھنٹہ سے آگے بتانا ہوتو اس طرح کہیں گے۔ الساعة الثامنة والربع (سوا آٹھ بجے ہیں) اور جب گھنٹہ سے کم بتانا ہو تو منٹ کے بعد سے اِلَّا لگادیں گے۔ جیسے: "الساعة الثامنة الا الربع" پونے آٹھ بجے ہیں۔ کبھی معدود کو حذف کردیتے ہیں تو عدد پر الف لام یا تنوین آتی ہے۔ کیونکہ جب مضاف الیہ حذف ہوتا ہے تو اس کے عوض میں مضاف پر الف لام یا تنوین آتی ہے۔ جیسے: الساعة الثامنة الا عشر. یہاں عشر عدد کے بعد دقائق محذوف ہے، جو مضاف الیہ ہے، اس لیے عشرٌ و العشر دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔

پورے آٹھ بجے ہیں کے لئے کہینگے : الساعة الثامنة تماما أو الساعة الثامنة بالتحديد۔

اَلتَّمْرِيْنُ الرَّابِعُ وَالسَّبْعُون(۷۴)

اردو میں ترجمہ کرو

(۱) کم الساعةُ من فضلك؟

(۲) الساعةُ الثامنة.

(۳) الساعةُ الثامنة والربعُ.

(۴) الساعةُ الثامنةُ والنصفُ

(۵) الساعةُ التاسعةُ والخمسُ

(۶) الساعةُ العاشرةُ والعشرُ.

(۷) الساعةُ الثامنةُ وخمسُ دقائقَ.

(۸) الساعةُ التاسعةُ وعشرُ دقائقَ

(۹) الساعةُ الثامنةُ والثلثُ.

(۱۰) الساعةُ العاشرةُ الا ثلثٌ

(۱۱) الساعةُ السابعةُ والسدسُ.

الخامس

اَلتَّمْرِيْنُ الرَّابِعُ وَالسَّبْعُون(۷۴) ۷۵

اردو میں ترجمہ کرو۔

(۱) الساعةُ السابعةُ اِلَّاربعٌ

(۲) الساعةُ السادسةُ الا خمسٌ

(۳) الساعةُ الثانيةَ عشرةَ والربعُ

(۴) الساعةُ الرابعةُ والثلاثونَ

(۵) الساعةُ الثامنةُ اِلَّا العشرُ

(۶) الساعةُ الحاديةَ عَشَرَةَ وثلثٌ

(۷) الساعة الخامسةُ والعشرون

اَلتَّمْرِيْنُ الْخَامِسُ وَالسَّبْعُوْن (٧٥)

(١) نو بجکر پانچ منٹ اور سات سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٢) دس بجکر پندرہ منٹ سولہ سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٣) ایک بجکر بیس منٹ سترہ سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٤) دو بجکر تیس منٹ سات سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٥) تین بجکر پچیس منٹ دس سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٦) چار بجکر اڑتالیس منٹ ہوئے ہیں۔

(٧) ٹھیک پانچ بجے ہیں۔

(٨) چھ بجکر سترہ منٹ دس سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٩) آٹھ بجکر پچاس منٹ چودہ سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(١٠) سات بجکر اٹھائیس منٹ چوبیس سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(١١) نو بجکر دس منٹ دس سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(١٢) دس بجکر دس منٹ دس سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(١٣) سات بجکر پچاس منٹ دس سیکنڈ ہوئے ہیں۔

اَلتَّمرِینُ السَّادِسُ وَالسَّبعُونَ (٧٦)

عربی میں ترجمہ کرو۔

(١) آٹھ بجکر چالیس منٹ تیس سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٢) دس بجکر چھپن منٹ سات سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٣) گیارہ بجکر دس منٹ پندرہ سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٤) گیارہ بجکر گیارہ منٹ چھ سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٥) گیارہ بجکر چھ منٹ پندرہ سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٦) بارہ بجکر تیئیس منٹ آٹھ سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(٧) ایک بجکر بارہ منٹ ہو رہے ہیں۔

(٨) دو بجکر چھتیس منٹ بیالیس سیکنڈ ہو رہے ہیں۔

(٩) سات بجکر سات منٹ سات سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(١٠) نو بجکر نو منٹ نو سیکنڈ ہوئے ہیں۔

(١١) بارہ بجکر بارہ منٹ ہوئے ہیں۔

Publisher

Darul Uloom Jais Idara Ahmadia Ashrafia

Dargaah Makhdoom Ashraf Simnani, Jais Distt. Amethi (U.P.)